عدالتِ عالیہ لاہور

اشتہار نیلام

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ عدالت عالیہ لاہور کے ملازمین کے لیے موٹر سائیکل/سائیکل اسٹینڈ واقع تہہ خانہ دفتر پنجاب جوڈیشل اکیڈمی، لاہور، کا نیلام بابت سال 2023-2022 (01-07-2022 تا 30-06-2023) بتاریخ 30.05.2023 بروز سوموار بوقت 02:00 بجے صبح احاطہ عدالت عالیہ میں منعقد ہوگا۔ خواہشمند حضرات بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

شرائط نیلامی

1۔ بولی دہندہ کو مبلغ -/50,000 روپے مورخہ 28-5-23 بوقت 03:00 بجے تک بطور ضمانت جمع کروانا ہوگا جو کہ ناکام بولی دہندہ کو موقع پر اور کامیاب بولی دہندہ کو مدت ٹھیکہ کے اختتام پر قابل واپسی ہونگے۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی رقم کا 1/3 موقع پر اور باقی رقم مورخہ 02-6-23 تک جمع کروانا ہوگی۔ بصورتِ دیگر نیلام منسوخ تصور ہوگا اور زرِ ضمانت بحق سرکار ضبط کرلیا جائے گا۔

3۔ سائیکل اسٹینڈ کے اوقات کار اور ٹوکن فیس حسبِ ذیل ہوں گے:-

اوقات کار: صبح 07:30 بجے تا شام 06:00 بجے

(i) ملازمین عدالت عالیہ موٹر سائیکل 70 روپے ماہانہ

(ii) ملازمین عدالت عالیہ سائیکل 50 روپے ماہانہ

4۔ ٹھیکیدار موٹر سائیکل اسٹینڈ اور اس سے ملحقہ جگہ کی ہر ماہ صفائی کروانے کا ذمہ دار ہوگا۔

5۔ موٹر سائیکل اسٹینڈ کو شکمی کرایہ (Sublet) پر دینے کی اجازت نہ ہوگی۔

6۔ موٹر سائیکل اسٹینڈ پر موٹر سائیکل/سائیکل کی پارکنگ بمطابق نظم وضبط کروانے اور اسٹینڈ پر ان کے کسی بھی قسم کے نقصان کا ذمہ دار متعلقہ ٹھیکیدار ہوگا۔

7۔ ملازمین کے ساتھ بدسلوکی یا تجاوزات کی صورت میں افسر مجاز کو ٹھیکہ منسوخ کرنے کا اختیار ہوگا۔

8۔ افسر مجاز کو اختیار ہوگا کہ بغیر وجہ بتائے کارروائی نیلام منسوخ کردے۔ مزید یہ کہ بوجہ ناگزیر حالات ٹھیکہ دوران مالی سال کسی بھی وقت منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

9۔ گورنمنٹ کا عائد کردہ ٹیکس ٹھیکیدار کو ادا کرنا ہوگا۔

(محمد عابد رفیق)
ڈپٹی رجسٹرار (سروسز)
لاہور ہائی کورٹ لاہور